ریمنڈ ڈیوس کے ہاتھوں ہلاک ہونے والے مقتول فہیم کی بیوہ شمائلہ مرحومہ کی والدہ اور دیگر اہل خانہ کی حراست اوران پر کیا جانیوالا بہیمانہ تشدد صریحاً غیر شرعی، غیر اسلامی اور سراسر ظلم ہے۔الطاف حسین

شمائلہ مرحومہ کی والدہ سمیت تمام اہل خانہ کو فی الفور رہا کیا جائے اور انہیں مکمل تحفظ اور انصاف فراہم کیا جائے۔الطاف حسین

حکومت پنجاب خصوصاً وزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف اور گورنر پنجاب سردار لطیف کھوسہ سے پرزور مطالبہ

میاں نواز شریف اور میاں شہباز شریف بھی بہن بیٹیوں والے ہیں لہٰذا انہیں مرحومہ شمائلہ کے لواحقین کو مکمل تحفظ فراہم کرنا چاہیے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔17 مارچ 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور میں ریمنڈ ڈیوس کے ہاتھوں ہلاک ہونے والے مقتول فہیم کی بیوہ مرحومہ شمائلہ کی والدہ، ماموں اور دیگر اہل خانہ کی حراست اوران پر کئے جانے والے بہیمانہ تشدد کی شدید مذمت کی ہے اوراس عمل کو صریحاً غیر شرعی، غیر اسلامی اور سراسر ظلم قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے حکومت پنجاب خصوصاً وزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف اور گورنر پنجاب سردار لطیف کھوسہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ مقتول فہیم کی بیوہ شمائلہ کی والدہ اور ماموں سمیت تمام اہل خانہ کو فی الفور رہا کیا جائے اور انہیں مکمل تحفظ اور انصاف فراہم کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مسلم لیگ کے سربراہ میاں نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف بھی بہن بیٹیوں والے ہیں لہٰذا انہیں مرحومہ شمائلہ کے لواحقین کو نہ صرف مکمل تحفظ فراہم کرنا چاہیے بلکہ لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہو کر انہیں انصاف دلانے کیلئے ہر ممکنہ اقدامات کرنے چاہئیں۔

☆☆☆☆☆